تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور۔فون 3-35869501-042 -35856304-042 فیکس 35834000-042
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

# پریس ریلیز

31- جنوری 2020ء

## ٹرمپ کا ’’مشرق وسطیٰ امن منصوبہ‘‘ درحقیقت فلسطینی مسلمانوں کے خلاف صیہونیت گردی ہے

### حافظ عاکف سعید

لاہور (پ ر) یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ 28 جنوری 2020ء کو صدر ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی موجودگی میں جو امن منصوبہ پیش کیا ہے وہ ڈیل آف سینچری نہیں بلکہ فلسطینی مسلمانوں کو مزید دبانے اور ظلم وستم کا شکار کرنے کی ایک بھیانک سازش ہے۔ اس منصوبے میں یروشلم کو یہودی ریاست اسرائیل کا غیر منقسم دارالحکومت قرار دیا گیا ہے اور مسلمانوں سے کہا گیا ہے کہ وہ ارض مقدس کے حوالے سے اپنے ماضی کو بھول جائیں اور اسرائیل کی بالادستی کو قبول کریں بصورت دیگر اس علاقے سے نکل جائیں۔ امیر تنظیم نے کہا کہ جدید تاریخ میں اقوام کی سطح پر عالمی اور اخلاقی قوانین کی اس درجہ پر پامالی کی مثال نہیں ملتی۔ اُنھوں نے اس معاملے میں مسلمان حکمرانوں اور خاص طور پر عرب ممالک کی خاموشی کو مجرمانہ قرار دیا۔

5 فروری کو یومِ یکجہتی کشمیر منانے کے حوالے سے اُنھوں نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ مودی سرکار نے جو شہریت بل قانون ساز اسمبلی سے منظور کروایا ہے اُس کے نتیجے میں پورا بھارت وہاں کے مسلمانوں کے لیے مقبوضہ کشمیر کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ گویا اب مقبوضہ کشمیر ہی نہیں پورا بھارت مسلمانوں کے لیے ایک جیل کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ بی جے پی کی متعصب حکومت درحقیقت یہ چاہتی ہے کہ بھارت کے مسلمانوں کی زندگی اس حد تک اجیرن کر دی جائے کہ اُن کا بھارت میں رہنا ممکن ہی نہ رہے۔ گویا وہ اپنے اِس نعرے کو عملی جامہ پہنانا چاہتی ہے کہ ’’مسلمان کے دو استھان پاکستان یا قبرستان‘‘۔ اُنھوں نے کہا کہ مودی کی اِس ہرزہ سرائی کو سنجیدگی سے لینے کی ضرورت ہے کہ وہ پاکستان کو دس روز میں ختم کر سکتے ہیں، لہٰذا پاکستان کو بھارت کے بُرے عزائم سے چوکنا رہنے کی ضرورت ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ اگرچہ جغرافیائی سرحدوں کو محفوظ اور مستحکم کرنا بھی وقت کی ضرورت ہے، لیکن حکومت کو یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کے بغیر جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن بھی ہے۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** 31 Jan 2020

## "Trump's 'Middle East peace plan' is, in reality, the practical manifestation of Zionist extremism against Palestinian Muslims."

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "Trump's 'Middle East peace plan' is, in reality, the practical manifestation of Zionist extremism against Palestinian Muslims."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. The Ameer remarked that the 'Peace Plan' announced by the US President Donald Trump in the White House on 28 January 2020, in the company of the Israeli Prime Minister Benjamin Netanyahu, is NOT a 'Deal of the Century', instead it is a sinister and evil conspiracy to further oppress, assault and brutalize the PalestinianMuslims. The said plan has declared Jerusalem as the 'undivided capital' of the Jewish state of Israel, told the Muslims to 'forget' about their (glorious) past regarding the Holy Land and meekly accept the 'absolute sovereignty' of Israel over all their affairs, or else 'leave the land'. The Ameer criticized that there is no precedence in the modern history of nations of such a callous act of blatantly trampling all international and moral laws. He lamented the criminal silence of Muslim rulers, particularly those of the Arab world, regarding this matter.

While commenting on commemorating 5 February as the Day of pledging loyalty with Kashmir (Kashmir Day), the Ameer said that the fact of the matter is that India as a whole has become similar to Indian Occupied Kashmir for the Indian Muslims too, as a consequence of the Citizenship (amendment) Law passed by the extremist Modi regime in the Indian Parliament.As a result, India as a whole, and not just Indian Occupied Kashmir, has become a prison for Muslims. The Ameer said that, in fact, the racist and bigoted government of BJP wants to make the lives of Indian Muslims so miserable that it becomes utterly impossible for them to stay in India any longer. He added that it appeared as if the fascist BJP government was practically working towards materially realizing its slogan, "There are (only) two abodes for Muslims; Pakistan or the Graveyard!" The Ameer said that it is imperative for us to take the foul mouthing of PM Modi seriously, who has said in a recent statement that India can overpower Pakistan within ten days, thus, Pakistan ought to remain vigilant regarding the nefarious future designs of India viz. our country. The Ameer concluded by asserting that while it was undeniably essential and the need of the hour to safeguard and fortify our geographical borders, our government must never forget that securing and protecting the geographical boundaries of our country is not only difficult but almost impossible without safeguarding the Ideological boundaries of Pakistan.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**MarkaziNazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**